Rampur State Gazette.

EXTRAORDINARY.

بحکم بندگان اعلیٰحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۱ مطبوعہ روز پنجشنبہ بتاریخ ۲ ذیقعدہ ۱۳۵۳ھ مطابق ۷ فروری ۱۹۳۵ء [illegible]

غیر معمولی گزٹ

حکم: واقع ۷ فروری ۱۹۳۵ء

دستخط بندگان [illegible] دام اقبالہم وملکہم

رپورٹ ملاحظہ ہوئی۔ منظور ہے۔ اعلان [illegible] جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

معروض میر سامانہ

جناب عالی

غیر معمولی اجلاس اسٹیٹ کونسل منعقدہ
۶ فروری ۱۹۳۵ء میں طے پایا کہ
خرید و فروخت نیشکر کے سلسلہ میں
فوری ضرورت کی بنا پر قانون منسلکہ کا نفاذ [illegible]
فروری ۱۹۳۵ء سے [illegible] قانون مذکور بیش گاہ والا
میں برائے صدور حکم منظوری پیش کیا جائے لہذا
قانون منسلکہ ذریعہ عرضداشت ابلاغ حضور
پرنور ہے

ترقی خواہ مستدعی ہے کہ حکم منظوری [illegible]
[illegible] سے شرف نفاذ پاسکے۔

آفتاب دولت و اقبال درخشاں باد

قانون تنظیم (ضروری) نیشکر

ہرگاہ یہ ضروری ہے کہ ریاست رامپور کے پیداوار نیشکر کی فروخت کو قاعدہ میں لایا جائے

لہذا حسب ذیل احکام صادر کئے جاتے ہیں۔

دفعہ ۱ الف۔ قانون ہذا قانون تنظیم (ضروری) نیشکر کے نام سے موسوم ہوگا۔

ب۔ قانون ہذا کا نفاذ تاریخ اشاعت گزٹ سے ہوگا۔

ج۔ قانون ہذا ریاست کے اون محصول سے متعلق ہوگا جن کو گورنمنٹ رامپور وقتاً معینہ اعلان کرے۔

د۔ تاوقتیکہ گورنمنٹ اس کے خلاف اعلان نہ کرے۔ قانون ہذا کا نفاذ ۳۰ اپریل ۱۹۳۵ء کو ختم ہو جائے گا۔

دفعہ ۲ الف۔ گورنمنٹ رامپور کیلئے یہ جائز ہوگا کہ وہ اندرونی رقبہ معینہ چونگیات محصول قائم کردے۔ اور یہ حکم دے کہ کل برآمد نیشکر پر محصول برآمد وصول کیا جائے۔

ب۔ گورنمنٹ رامپور ان محصول برآمد کے چونگی گھروں کے قیام اور ان کے جاری کرنے کی نسبت ایسے شرائط عاید کر سکتی ہے جنکا ریاست کی پیداوار نیشکر کی مناسب و معقول قیمت کے محفوظ کرنے و نیز اس کی خرید و فروخت کیلئے مستقل بازار رکھنے کے لحاظ سے عائد کرنا ضروری خیال کرے۔

دفعہ ۳ اولاً شرح محصول متذکرہ دفعہ ۲ ۲ آنہ فی اسٹینڈرڈ من نیشکر پر ہوگی۔

اور ثانیاً کم سے کم قیمت نیشکر علاوہ اس نیشکر کے جس کا معاہدہ خریداری رضا شوگر فیکٹری کر چکی ہے اور جو اس کم سے کم قیمت کے تابع ہے جو زیر قانون نیشکر وقتاً فوقتاً مقرر کی جائے۔ ساڑھے پانچ آنہ فی اسٹینڈرڈ من ایسے نیشکر پر ہوگی۔ جو علاقہ معینہ کے اندر کسی کارخانہ کو بھیجا جائے (جس کی تعریف قانون محصول شکر ۱۹۳۴ء ریاست ہذا میں کی گئی ہے)

گورنمنٹ رامپور وقتاً فوقتاً ایک آرا کمیٹی کی نامزدگی کر سکتی ہے جس میں کاشتکاران اور کارخانجات کے نمائندگان شامل ہوں گے۔ جو مقدار محصول و قیمت میں کمی بیشی کرنے کی مجاز ہوگی۔

لیکن شرط یہ ہے کہ کوئی حکم قانون ہذا کی رو سے کم قیمت پر موثر نہ ہوگا جو وقتاً فوقتاً تحت قانون نیشکر رامپور ۱۹۳۵ء صوبہ ممالک متحدہ کی کم سے کم قیمت کے مطابق مقرر کی جائے

دفعہ ۴۔ گورنمنٹ رامپور کسی شخص کو یا کسی نیشکر کے خریدار یا فیکٹری کو قانون ہذا کے اثر سے مستثنیٰ کر سکتی ہے۔

دفعہ ۵۔ قانون ہذا کے کسی حکم کی خلاف ورزی پر جو سزائے جرمانہ ہوگی جس کی تعداد پانچسو روپیہ تک ہو سکتی ہے۔ علاوہ اس محصول کے جو اس نیشکر پر قابل ادا ہو

دفعہ ۶۔ گورنمنٹ رامپور ایسے قواعد وضع کر سکتی ہے اور ایسے عمل اختیار کر سکتی ہے جو قانون ہذا کے نفاذ کے لئے ضروری ہو۔

(دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر)